# مداخلت شدہ/غیر ہم آہنگ رسمی تعلیم والے طلبہ (SIFE) کے لیے رائٹنگ اسکرینر کی ہدایات

## رائٹنگ اسکرینر کی ہدایات

اس گھریلو یا ابتدائی زبان کے رائٹنگ اسکرینر کا مقصد امکانی مداخلت شدہ/غیر ہم آہنگ رسمی تعلیم والے طلبہ (Students with Interrupted/Inconsistent Formal Education, SIFE) کی تحریری اہلیتوں کا ایک عمومی آئیڈیا حاصل کرنا ہے۔ اسکرینر کا نظم انفرادی طور پر یا گروپ کے لیے کیا جا سکتا ہے اور کام مکمل کرنے کے لیے طلبہ کو زیادہ سے زیادہ 15 منٹ کا وقت دیا جانا چاہیے۔ اس اسکرینر کے نتائج کو دیگر تشخیصات کے ساتھ ملا کر استعمال کیا جائے گا تاکہ امکانی SIFE طلبہ کی تحریری اہلیتوں کا اندازہ لگایا جائے، جو مناسب تحریری ہدایات کے تعین کا سبب ہو سکتا ہے۔

## انتظامی ہدایات:

اسکرینر کا بندوبست کرنے سے پہلے، طالب علم کی گھریلو یا ابتدائی زبان کی نشاندہی کریں جیسا کہ گھریلو زبان کے سوالنامہ (Home Language Questionnaire, HLQ) میں تحریر کیا گیا ہے۔ فی الحال، اسکرینر درج ذیل زبانوں میں فراہم کرایا جاتا ہے:

- عربی
- بنگلہ
- برمی
- چینی
- فرانسیسی
- فولانی
- ہیشین کریول
- مائے مائے
- نیپالی
- روسی
- ایس'گا کارین
- صومالی
- ہسپانوی
- سواحلی
- اردو

1. اگر کوئی طالب علم ایسی زبان میں لکھتا ہے جو اوپر درج نہیں ہے تو وہ اس زبان میں انگریزی اشارے اور ان ہدایات کو استعمال کرتے ہوئے لکھ سکتے ہیں جن کا ترجمہ ان کی گھریلو یا ابتدائی زبان میں زبانی طور پر کیا گیا ہے۔ نوٹ کر لیں کہ اسکرینر کا انگریزی ورژن کلی طور پر ترجمہ کے ماخذ کے بطور استعمال ہونا ہے اور طلبہ کے لیے انگریزی میں اس کا بندوبست نہیں ہونا چاہیے۔
2. معلم طالب علم کی تفصیلات کی بنیادی فیلڈز (نام، آمد کی تاریخ، داخلہ کی تاریخ، وغیرہ) پُر کر سکتا ہے۔ کوئی زبانی ہدایات طالب علم کی گھریلو یا ابتدائی زبان میں دی جائیں۔
3. طلبہ کو بتائیں کہ وہ اپنی گھریلو یا ابتدائی زبان میں لکھیں گے۔ انہیں بتائیں کہ یہ کوئی امتحان نہیں ہے لیکن انہیں اپنی بہترین اہلیت کا مظاہرہ کرنے کی ترغیب دیں۔
4. آپ کام کے بارے میں بنیادی سوالوں کے جواب دے سکتے ہیں لیکن وضاحت کرنے، آئیڈیاز تجویز کرنے، یا بصورت دیگر واضح طور پر طالب علم کی اعانت کرنے سے احتراز کریں۔ طلبہ کو اس کام کے دوران لغت کا استعمال نہیں کرنا چاہیے۔
5. طلبہ کو زیادہ سے زیادہ ممکن حد تک لکھنے کی ترغیب دی جانی چاہئے اور اگر ضرورت ہو تو اضافی کاغذ فراہم کیا جانا چاہیے۔
6. طلبہ کی تحریر پر اسکور دینے کا کام طالب علم کی مادری زبان بولنے والے کے ذریعہ کیا جائے۔
7. براہ کرم آگاہ رہیں کہ SIFE رائٹنگ اسکرینر میں درج نتائج بذات خود SIFE کی حیثیت کا کوئی اشارہ نہیں ہیں۔

**اسکورنگ کی ہدایات:**

طالب علم کو یہ سرگرمی مکمل کر لینے کے بعد، اسکورر کو یہ تعین کرنا چاہیے کہ ہر زمرے (مواد، تنظیم، میکانکس، اور رسمی مفہوم، معیار اور زبان کی پیچیدگی) کے لیے کون سی سطح طالب علم کی تحریر کی بہترین وضاحت کرتی ہے۔ طالب علم کی تحریر کی زیادہ کثرت سے نمائندگی کرنے والی اہلیت کی سطح (3 – 0) ہدایات پر طالب علم کے مجموعی اسکور کا تعین کرتی ہے۔

مثال کے طور پر، جس طالب علم کو مواد، تنظیم اور میکانکس اور رسمی مفہوم میں 3 کا اسکور اور معیار اور زبان کی پیچیدگی میں 2 کا اسکور ملتا ہے اسے مجموعی طور پر 3 کا اسکور ملے گا۔

براہ کرم نوٹ کر لیں کہ رائٹنگ اسکرینر کے نتائج محض ایک ڈیٹا پوائنٹ ہیں جنہیں امکانی SIFE طلبہ کی تحریری اہلیتوں کا اندازہ کرنے کے لیے دیگر پیمانوں کے ساتھ ملا کر استعمال کیا جانا چاہیے۔

| رائٹنگ اسکرینر پر طالب علم کے اسکور کی ترجمانی کرنا | |
|---|---|
| **زیادہ تر 3** | طالب علم/طالبہ اپنی تحریری اہلیت میں کافی جامعیت دکھاتا/دکھاتی ہے۔ |
| **زیادہ تر 1 اور 2** | طالب علم/طالبہ اپنی تحریری اہلیت میں معتدل جامعیت دکھاتا/دکھاتی ہے۔ |
| **زیادہ تر 0** | طالب علم/طالبہ اپنی تحریری اہلیت میں برائے نام جامعیت دکھاتا/دکھاتی ہے۔ |

| | |
|---|---|
| نام: | عمر: |
| تاریخ: | گھریلو زبان: |
| USA میں آمد کی تاریخ: | آبائی ملک: |

**آپ کی تحریر کا عنوان: ___________________________________**

**اشارہ**

**اس سرگرمی کے لیے، کھیلنے لائق اپنے من پسند گیم کے بارے میں لکھیں۔ حسبِ ذیل خالی جگہ اپنے من پسند گیم کے بارے میں ایک یا دو پیراگراف لکھنے کے لیے استعمال کریں:**

**اپنی تحریر میں یاد سے شامل کریں:**

- ☐ **اپنے من پسند گیم کا نام**
- ☐ **گیم کھیلنے کا طریقہ**
- ☐ **گیم کے بارے میں تفصیلات**
- ☐ **کچھ یاد داشتیں جو گیم کھیلنے کے حوالے سے ہو سکتی ہیں**
- ☐ **یہ گیم آپ کا من پسند کیوں ہے**

___________________________________________

___________________________________________

___________________________________________

___________________________________________

___________________________________________

___________________________________________

___________________________________________

___________________________________________

___________________________________________

___________________________________________

___________________________________________

___________________________________________

___________________________________________

## رائٹنگ اسکرینر کی ہدایات

| | 3 | 2 | 1 | 0 |
|---|---|---|---|---|
| **مواد** | صاف اور توضیحی تحریر جو کلیدی تفصیلات فراہم کرتی ہے اور قاری کے لیے دلچسپ ہے۔ کام کی پیچیدہ فکر کا مظاہرہ ہوتا ہے۔ | متعلقہ موضوع واضح ہے مگر وضاحتی تفصیل کم ہے۔ کام کی واضح سمجھ بوجھ کا مظاہرہ ہوتا ہے۔ | برائے نام تفصیلات فراہم کی گئی ہیں، ممکنہ طور پر غیر متعلقہ تفصیلات شامل ہیں۔ کام کی محدود سمجھ بوجھ کا مظاہرہ ہوتا ہے۔ | تحریر عنوان سے ہٹ گئی ہے یا معمولی یا غیر متعلق تفصیلات پر مشتمل ہے۔ کام کی سمجھ بوجھ کا معمولی مظاہرہ ہوتا ہے یا نہیں ہوتا ہے۔ |
| **تنظیم** | تحریر سمجھنے کی حد تک جامع اور واضح ہے، آئیڈیاز میں منطقی روانی موجود ہے۔ | تحریر ممکنہ طور پر غیر مربوط ہے، لیکن قاری اب بھی مطلوبہ معنی کو سمجھنے پر قادر ہے۔ ممکنہ طور پر کچھ حد تک غیر منظم اور/یا برائے نام فروغ یافتہ ہے۔ | تحریر غیر منظم اور غیر فروغ یافتہ ہے۔ سمجھنا مشکل ہے اور آئیڈیاز کی تنظیم ادراک میں حائل ہوتی ہے۔ | تحریر کا کوئی مطلب نہیں ہے۔ ایک حصہ ممکنہ طور پر اشارے کی نقل ہے۔ |
| **میکانکس اور رسمی مفہوم** | قاعدے کا استعمال وضاحت کو تقویت دیتا ہے اور تحریر میں روانی ہے۔ املا کی غلطیاں ادراک میں حائل نہیں ہوتی ہیں۔ تحریری رسمی مفہوم کی سخت پابندی کی گئی ہے۔ | قاعدے سے معانی کے بارے میں کچھ اشتباہ ہو سکتا ہے۔ تحریری رسمی مفہوم اور املا میں غلطیاں ادراک میں حائل ہو سکتی ہیں۔ | قاعدہ، تحریری رسمی مفہوم اور املا میں ممکنہ طور پر متعدد غلطیاں ادراک میں حائل ہیں۔ | غلط قاعدہ اور املا کی وجہ سے تحریر ناقابل ادراک ہے۔ تحریری رسمی مفہوم کا کوئی تسلیم شدہ استعمال نہیں ہے۔ |
| **معیار اور زبان کی جامعیت** | فرہنگ اور جملے کی ساخت مختلف اور مناسب ہے۔ | فرہنگ اور جملے کی ساخت مناسب ہے۔ | فرہنگ اور جملے کی ساخت طلبہ کے لیے مناسب نہیں ہے۔ مکرر غلطیاں ادراک میں حائل ہوتی ہیں۔ | فرہنگ اور جملے کی ساخت ناقابل فہم یا پڑھنے کے لائق نہیں ہے۔ ممکنہ طور پر سرے سے کوئی جواب نہیں دیا گیا ہے۔ |